# 12-06-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ گجرات میں احمد آباد ایرپورٹ کے قریب آج لندن جانے والا ایرانڈیا کا ایک طیارہ حادثہ کا شکار ہوگیا۔ اس طیارہ پر 242 افراد سوار تھے جن میں دو پائلٹ اور عملہ کے دس ارکان شامل تھے۔

۲۔ مانسون کے دوران اوسط سے زیادہ بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر ریاستی حکومت نے گوداوری اور کرشنا طاس کے اضلاع کو چوکس کردیا ہے۔

۳۔ اس مہینہ کی 21 تاریخ کو بین الاقوامی یوم یوگا کے موقع پر صبح ساڑھے چھ بجے سے 7 بجکر 40 منٹ تک ایک لاکھ سے زائد یوگا پروگرام بیک وقت منعقد کئے جائیں گے۔

اور

۴۔ عادل آباد ضلع میں آج تین الگ الگ واقعات میں بجلی گرنے سے 6 افراد ہلاک ہوگئے جن میں 5 خواتین شامل ہیں۔

## PM - FLIGHT CRASH

وزیراعظم نریندر مودی احمد آباد میں ایرانڈیا کے طیارہ کے حادثہ کو افسوس ناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ اِس سے قبل وزیراعظم نے وزیرداخلہ امیت شاہ اور وزیرشہری ہوابازی رام موہن نائیڈو سے فون پر بات کی اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دونوں مرکزی وزرا سے کہا کہ وہ احمد آباد پہنچیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ حادثہ سے متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد فراہم ہو۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بھی اس فضائی حادثہ پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مسافرین اور عملہ کے ارکان کی سلامتی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

## YOGA

اس مہینہ کی 21 تاریخ کو بین الاقوامی یوم یوگا کے موقع پر صبح ساڑھے چھ بجے سے 7 بجکر 40 منٹ تک ایک لاکھ سے زائد یوگا پروگرام بیک وقت منعقد کئے جائیں گے۔ اِس سال یوگا ڈے کا موضوع ہے ’ون ارتھ ون ہیلتھ‘۔

دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے آیوش کے مرکزی وزیر پرتاب راؤ جادھو نے کہا کہ سب سے اہم پروگرام آندھرا پردیش کے شہر وشاکھا پٹنم میں منعقد ہوگا جس میں وزیراعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ تقریباً 40 ممالک کے نمائندے وشاکھا پٹنم کے اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

Sound Byte

LIGHTNING

عادل آباد ضلع میں آج تین الگ الگ واقعات میں بجلی گرنے سے 6 افراد ہلاک ہوگئے جن میں 5 خواتین شامل ہیں۔ پہلے واقعہ میں پپری گاؤں کے 4 افراد فوت ہوگئے جب ان پر اس وقت بجلی گری جب وہ کھیتوں میں کام کررہے تھے۔ بیلا منڈل کے سنگیڑی اور سون کاس دیہاتوں میں بجلی گرنے کے واقعات میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ دونوں زرعی مزدور تھے۔ضلع کے کئی علاقوں میں شدید بارش ہوئی جس کی وجہ سے نشیبی علاقہ زیرآب آگئے اور عام زندگی متاثر ہوئی۔

WEATHER

دفتر موسمیات نے تلنگانہ کے 6 اضلاع میں کل شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔تازہ ترین بلیٹن کے مطابق جئے شنکر بھوپالا پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ اضلاع میں یکا دوکا مقامات پر شدید بارش متوقع ہے۔اس کے علاوہ دفتر موسمیات نے ریاست کے تمام علاقوں میں یکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

EPFO

ایمپلائز پرائیویڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن ایک لاکھ روپے تک کی پیشگی ادائیگی کی درخواستوں کی تین دن کے اندر یکسوئی کرے گا۔ایڈیشنل چیف پرائیویڈنٹ فنڈ کمشنر ایم ایس کے وی وی ستیہ نارائنا اور ریجنل پرائیویڈنٹ فنڈ کمشنر برکت پورہ ڈاکٹر شیوکمار نے آج حیدرآباد میں میڈیا کو بتایا کہ سال 2024-25ء کے دوران آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال کے ذریعہ ایک لاکھ روپے تک کی ادائیگی کیلئے 2.34 کروڑ درخواستوں سے نمٹا گیا۔ڈاکٹر شیوکمار نے کہا کہ ان درخواستوں سے نمٹنے کے لئے انوکھے طریقے اپنائے جارہے ہیں۔

11 YEARS ESIC - LABOUR

حیدرآباد کے صنعت نگر میں ای ایس آئی سی ہاسپٹل کو جلد ہی 25 زائد نشستیں حاصل ہوں گی۔ ہاسپٹل کے ڈین ڈاکٹر سیریش کمار چاوان نے آج حیدرآباد میں میڈیا کو یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ مینجمنٹ کوٹہ کے تحت 35 فیصد نشستیں ای ایس آئی سی کے وارڈ ممبرس کو ملیں گی۔ یہ ہاسپٹل ایک ہزار 44 بستروں کی گنجائش کے ساتھ تلنگانہ میں 72 لاکھ سے زائد افراد کو خدمات فراہم کررہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ای ایس آئی سی ہاسپٹل روزانہ آؤٹ پیشنٹ زمرہ کے تحت 3 ہزار مریضوں کا علاج کررہا ہے۔ کارڈیالوجی، نیورولوجی اور پلاسٹک سرجری جیسے شعبوں میں جدید علاج کی سہولتیں یہاں دستیاب ہیں۔

SOUND BYTE DEAN

دوسری ریاستوں سے ای ایس آئی سی کالج میں داخلہ لینے والے طلبہ نے کہا کہ انہیں یہاں تمام سہولتیں حاصل ہیں۔

SOUND BYTE MBBS STUDENTS

CM

حیدرآباد کی ایک مقامی عدالت نے 2023ء میں پولیس کے خلاف مبینہ ریمارکس کیلئے درج کئے گئے کیس میں آج چیف منسٹر ریونت ریڈی کو بری کردیا۔ ارکانِ پارلیمنٹ اور ارکان اسمبلی کیلئے نامزد عدالت نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ ملزم آئی پی سی کی دفعات کے تحت خاطی نہیں پائے گئے۔ چیف منسٹر نے پردیش کانگریس کے صدر کی حیثیت سے یہ ریمارکس کئے تھے۔

ACCIDENT

نارائن پیٹ ضلع میں نرسی ریڈی پلی اور جاکلر دیہاتوں کے درمیان قومی شاہراہ پر ایک خانگی لکژری بس میں ایک ٹرک کو ٹکر ماردی۔ جس کے نتیجہ میں بس میں سوار 15 افراد زخمی ہوگئے۔ اس بس میں 29 افراد سوار تھے جو کرناٹک کے شموگا سے حیدرآباد آرہے تھے۔ زخمیوں کو مکتھل کے سرکاری دواخانہ میں ابتدائی طبی امداد کے بعد رائچور اور محبوب نگر کے دواخانوں کو منتقل کیا گیا۔

Hocky

ونپرتی ضلع میں کھیلوں اورامور بالغان کے عہدیدار سدھیر ریڈی نے بتایا کہ ریاستی حکومت تعلیم کے ساتھ کھیلوں کو فروغ دیتے ہوئے ہاکی اکیڈیمی کے قیام کے ذریعہ مفت ٹریننگ فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے ضلع ہیڈکوارٹر پر ہاکی اکیڈیمی میں مخلوعہ جائیدادوں کو بھرتی کرنے کے عمل کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے آکاش وانی کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔

Sound Byte.

SI

ورنگل ضلع کے ونگارا پولیس اسٹیشن کی سب انسپکٹر دیویا کی قیادت میں پولیس ملازمین سائیکلوں پر دیہاتوں کا دورہ کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت پر اور سماجی برائیوں کے خلاف بیداری پیدا کررہے ہیں۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پولیس ملازمین کی کوششوں کو سراہا ہے۔ ایس آئی دیویا نے آکاش وانی کو بتایا کہ چیف منسٹر کی ستائش سے ان کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

Sound Byte

Plane Crash

گجرات میں احمدآباد ایرپورٹ کے قریب آج لندن جانے والا ایرانڈیا کا ایک طیارہ حادثہ کا شکار ہوگیا۔ اس طیارہ پر 242 افراد سوار تھے جن میں دو پائلٹ اور عملہ کے دس ارکان شامل تھے۔مسافرین میں 169 ہندوستانی شہری، 53 برطانوی شہری، 7 پرتگالی اور ایک کینڈا کا شہری تھا۔ یہ طیارہ احمدآباد سے لندن کیلئے ٹیک آف کرنے کے بعد ایرپورٹ کے قریب میگھنی نگر علاقہ میں گر کر تباہ ہوگیا۔وزارتِ شہری ہوابازی نے ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔زخمیوں کو قریبی دواخانہ میں شریک کیا گیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس حادثہ پر اپنے رنج و ملال کا اظہار کیا۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے مانسون کے دوران اوسط سے زیادہ بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر گوداوری اور کرشنا طاس کے اضلاع کے کلکٹروں کو چوکس کر دیا ہے۔ انہوں نے آج ضلع کلکٹروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کے دوران انہیں ہدایت دی کہ وہ بھاری بارش سے جانوں اور مال کے نقصان کو روکنے کے لئے اقدامات کریں۔

☆☆☆